نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

صوبہ پنجاب میں گندم کی حالت تسلی بخش ہے۔ سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو

لاہور،07فروری2025: صوبہ پنجاب میں گندم کی حالت تسلی بخش ہے۔ یہ بات سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے صوبہ میں گندم کی موجودہ صورتحال سے متعلق جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہی۔ سیکرٹری زراعت پنجاب نے کہا کہ موجودہ موسمی حالات کے پیشِ نظر کاشتکاروں کو بروقت راہنمائی کی فراہمی جاری ہے۔ گندم کی فصل کی نگہداشت ماہرین کی سفارشات کے مطابق کی جارہی ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ رواں سیزن گزشتہ سالوں کی نسبت گندم کی جڑی بوٹیوں کا بروقت اور موثر تدارک کیا گیا۔ راولپنڈی ڈویژن کے چند علاقوں میں جزوی بارش کے مثبت اثرات مرتب ہوئے ہیں۔ سیکرٹری زراعت پنجاب نے واضح کیا کہ گندم کی بہتر نگہداشت کیلئے فیلڈ سرگرمیوں میں تیزی لانے بارے متعلقہ فارمیشنز کو خصوصی ہدایات جاری کی گئی ہیں۔ رواں سال گندم کی زیادہ پیداوار حاصل کرنے والے کاشتکاروں کی حوصلہ افزائی کے لئے صوبائی اور ضلعی سطح پر انعامات دیئے جائیں گے۔ اجلاس میں محکمہ زراعت پنجاب کے اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔

☆☆☆☆